اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَ الصَّلٰوۃُ وَ السَّلَامُ عَلٰی خَاتَمِ النَّبِیّٖنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

# "ہے شہد سے بھی میٹھا سرکار صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم کا مدینہ"

# کے 25 حروف کی نسبت سے شعبہ نیو سوسائٹیز (اسلامی بہنیں) کے 25 مدنی پھول

(عالمی مجلس مشاورت (دعوت اسلامی))

﴿1﴾ **فرمانِ امیر اہلسنّت** دامت برکاتہم العالیہ: دعوتِ اسلامی کا 99.99٪ دینی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

☆ **فرمانِ مصطفٰی** صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: **نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔** (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج ۶، ص ۱۸۵)

لہٰذا! ہر ذمہ دار اسلامی بہن یہ نیت کرتی رہے: "میں اللہ پاک کی رِضا اور اس کے پیارے حبیب صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے "**شعبہ نیو سوسائٹیز**" کا دینی کام، مدنی مرکز کے طریقۂ کار کے مطابق کروں گی، اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم۔ "

☆ **"مدنی پھول طے ہونے کے بعد اس کا نفاذ ہی اصل چیز ہے۔"** (شوریٰ وکابینہ کے مدنی مشورے کے مدنی پھول 22 تا 26 اگست 2013)

﴿2﴾ **شعبہ نیو سوسائٹیز** (اسلامی بہنیں) کا دینی کام نیو سوسائٹیز کے شعبے سے منسلک لوگوں میں دعوتِ اسلامی کے پیغام کو عام کرنا اور انہیں دعوتِ اسلامی سے وابستہ کرتے ہوئے اس مدنی مقصد **"مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے،** اِنْ شَآءَ اللّٰہُ الْکَرِیْم کے مطابق زندگی گزارنے کا دینی ذہن دینا ہے۔

☆ **نیو سوسائٹیز** ایسی آبادی کو کہتے ہیں جو پلاننگ سے کاٹی گئی ہو، اس کی چار دیواری بنی ہو نیز گیٹ اور سیکیورٹی وغیرہ کا نظام ہو۔

﴿3﴾ **نیو سوسائٹیز** میں درج ذیل دینی کام ہوں گے:

☆شعبہ شارٹ کورسز کے تحت سوشل ٹاپک پر مشتمل سیشن و تفسیرِ قرآن کورس ☆درسِ قرآن ☆ مدرستہ المدینہ (بالغات) لگائے جائیں گے۔ ☆گلی گلی مدرستہ المدینہ کے تحت گلی گلی مدرستہ المدینہ شروع کیے جائیں گے۔ ☆ہر ہفتے ہفتہ وار سنتوں بھرا اجتماع کیا جائے گا۔ ☆ہر ہفتے علاقائی دورہ کیا جائے گا۔ ☆ہفتہ وار مدنی مذاکرہ سننے، دیکھنے کی ترغیب دلائی

DAWATE ISLAMI

Shoba New Society

جائے نیز اس کی باقاعدہ کارکردگی وصول کی جائے گی ☆ شخصیات کا دینی حلقہ ☆ محفلِ نعت ☆ شعبہ کفن دفن، ☆ شعبہ جامعۃ المدینہ (گرلز) کے تحت مَدَنِیّہ کو سفر کرواکر درسِ نظامی / فیضانِ شریعت کورس (سفر کروانے سے مراد یہ ہوگی کہ ایک فیملی جو مَدَنِیّہ ہوں اُن کو یہاں پر رہائش وغیرہ کی سہولت دے کر ان کے ذریعے دینی کام و جامعۃ المدینہ وغیرہ شروع کیا جائے۔) کروانا ☆ بتدریج دیگر دینی کاموں کی کوشش کی جائے گی۔ ☆ فیضانِ آن لائن اکیڈمی میں پڑھنے کی ترغیب دلائی جائے گی۔

## ﴿4﴾ ذمہ داران کی تقرری :

**شعبہ نیو سوسائٹیز کے دینی کام کے لیے ذمہ داران کا تقرر سوسائٹی تا ڈویژن سطح ہے۔**

☆ **شعبہ نیو سوسائٹیز** کی ہر سطح کی ذمہ دار اسلامی بہن کی تجوید درست ہونے کے ساتھ اہل، اطاعت گزار، امانت دار، وفادار، باپردہ، سنجیدہ، کم گو، عاجزی کی پیکر، احساس ذمہ داری رکھنے والی، ذاتی دوستیوں سے بچنے والی، شرعی پردہ کرنے والی، نیک اعمال کی عاملہ، اجلاس اور ماہانہ دینی حلقے کی پابند یعنی دینی کاموں میں عملی طور پر شامل ہوں نیز انہیں اپنے شعبے سے متعلق مکمل معلومات ہونا بھی ضروری ہے تقرری کے لئے فوقیت مَدَنِیّہ کو دی جائے، بہتر ہے کہ ذمہ دار اسی سوسائٹی کی رہائشی ہو۔

☆ فرمانِ مصطفیٰ صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم ہے: "جب نااہل کو کام سُپرد کیا جائے تو قیامت کا انتظار کرو"۔(صحیح بخاری، کتاب العلم، حدیث 50)

☆ کسی بھی سطح پر اور کسی بھی شعبے پر اسلامی بہن کا تقرر صرف اس بناء پر نہ کیا جائے کہ ان کے محرم (اسلامی بھائی) اس شعبے کے ذمہ دار ہیں بلکہ یہ دیکھا جائے کہ کیا وہ اسلامی بہن اس دینی کام کی اہل ہیں؟ ☆ تنظیمی ذمہ داری دیتے وقت اس کی اَہلیّت اور ذمہ دار اسلامی بہنوں کے ساتھ شرعی و تنظیمی اصولوں کے مطابق ذہنی ہم آہنگی ضرور دیکھی جائے۔ ☆ 11 مئی 2009 کے ذمہ دار شوریٰ کے مدنی مشورے میں یہ مدنی پھول بھی تھا کہ "**اہل اور ہم ذہن کو ہی دینی کام دیئے جائیں**"۔

| نمبر شمار | سطح | ذمہ دار اسلامی بہن | دیگر تفصیلات |
| --- | --- | --- | --- |
| 1 | سوسائٹی | سوسائٹی ذمہ دار (سوسائٹی) ہر سوسائٹی پر | ہر سوسائٹی پر صرف ایک ذمہ دار ہوں گی جو اس سوسائٹی میں اس شعبے کے تمام دینی کام کریں گی۔ "نیو سوسائٹی" یوسی / سیکٹر کے تحت ہوں گی۔ |
| 2 | یوسی / سیکٹر | سوسائٹی سیکٹر ذمہ دار (یوسی / سیکٹر سطح) یوسی / سیکٹر کے مطابق 12 سے 22 سوسائٹیز | اسلامی بھائیوں کے بنائے گئے یوسی / سیکٹر کے مطابق 12 سے 22 سوسائٹیز پر مقرر کی جائیں گی جو اس کے تمام دینی کام کریں گی۔ یوسی / سیکٹر ذمہ دار نیو سوسائٹی (شہر سطح) کے ماتحت ہوں گی اُن کے مشوروں میں شرکت کریں گی۔ |
| 3 | شہر | شہر / سٹی سوسائٹی ذمہ دار (شہر سطح) منتخب 22 شہروں پر سٹی سوسائٹی ذمہ دار (شہر سے مراد شہر کا مین احاطہ ہے۔ چاہے میٹروپولیٹن ہو چاہے نہ ہو۔ لہذا مین شہر پر شہر ذمہ دار ہوں گی) | جن 22 شہروں (بہاولپور، ڈی جی خان، ملتان، ساہیوال، فیصل آباد، سرگودھا، لاہور، گجرانوالہ، سیالکوٹ، پنڈی، واہ کینٹ، لاڑکانہ، سکھر، نواب شاہ، حیدرآباد، کراچی، ایبٹ آباد، پشاور، ڈیرہ اسماعیل خان، اسلام آباد، کوئٹہ اور گوادر) کا انتخاب کیا گیا ہے اُن پر سٹی ذمہ دار مقرر کی جائیں گی۔ (مثال کے طور پر لاہور سٹی سوسائٹیز ذمہ دار (ان کے تحت لاہور کے تمام سیکٹرز ہوں گے) (بعض شہر میٹروپولیٹن سٹی ہیں ان کی شہر سوسائٹیز ذمہ دارہ شہر نگران کے تحت ہو گی۔ بعض شہر ایک تحصیل پر مشتمل ہیں ان کی شہر سوسائٹیز ذمہ دارہ اس تحصیل نگران کے تحت ہو گی۔ سوسائٹیاں شہر کے چاروں اطراف میں دور دور تک پھیلی ہوتی ہیں اور بعض اوقات بعض سوسائٹی لفٹ سائیڈ والی دوسری تحصیل میں چلی جاتی ہیں اور رائٹ سائیڈ والی سوسائٹیاں تیسری تحصیل میں چلی جاتی ہیں۔ اس لئے شہر سوسائٹی ذمہ دارہ نہ لیفٹ سائیڈ، نہ رائٹ سائیڈ بلکہ مین شہر والی تحصیل یا شہر کی نگران کے تحت ہو گی۔) |
| 4 | ڈویژن | ڈویژن سوسائٹیز ذمہ دار (ڈویژن سطح) | ڈویژن کے جن شہروں میں سوسائٹی ذمہ دار اسلامی بہن کا کام طے ہے، وہاں کے کام دیکھیں گی۔ (ڈویژن ذمہ دار مین سٹی سے لی جائے وہ ڈویژن سطح کی سوسائٹی ذمہ دار بھی ہو اور ایک سٹی کی بھی سوسائٹی ذمہ دار ہوں) |

☆ صوبہ و ملک سطح پر یہ شعبہ نگران اسلامی بہن کے پاس ہو گا۔

☆ نیو سوسائٹیز کی تقسیم کاری اسلامی بھائیوں کی تقسیم کاری کے مطابق ہوگی جو کہ شعبہ معاونت نگران (ڈویژن سطح) سے ملے گی۔

☆ سوسائٹی ذمہ دار کی تقرری کے لیئے بہتر ہے اُسی سوسائٹی کی رہائشی ہو ورنہ قریبی مقام سے مقرر کی جائے۔

﴿5﴾ ذمہ داران کا اگر سوسائٹی / قریب سے تقرر نہ ہو سکے تو یہاں "**نئی جگہ/کمزور جگہوں پر دینی کام کرنے کا طریقۂ کار**" کے مطابق فیملی سفر کروا کر ذمہ دار مقرر کی جائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

☆ فیملی سفر کروائیں تو مَدَنِیَّہ کو ترجیح دی جائے۔

﴿6﴾ یاد رہے "ہر نیا کام اپنی ذمہ دار سے پوچھ کر کرنا ہوتا ہے" مدنی مرکز کی اطاعت میں عظمت ہے۔

☆ **"جو ذمہ داری ہمیں دی گئی ہے اس کے تقاضے پورے کرنا، ہم پر اخلاقی و تنظیمی طور پر لازم ہے"** (شوریٰ و کابینہ کے دینی مشورے کے دینی پھول 22 تا 26 اگست 2013)

☆ **شعبہ نیو سوسائٹیز** کی تمام اسلامی بہنیں پردے، رشوت، **تعلقات اور مداہنت** (بُرائی کے مٹانے پر قدرت کے باوجود شرم یا دینی غیرت نہ ہونے یا جانب داری کی وجہ سے خاموش ہونا) وغیرہ کے شرعی مسائل سیکھیں، اس کے لیے مکتبۃ المدینہ کی کتب و رسائل کا مطالعہ مفید ہے مثلاً پردے کے بارے میں سُوال جواب فیضان سنت صفحہ 539 تا صفحہ 554 تک، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب صفحہ 428 تا 449، بہار شریعت، جلد سوم حصہ 16، نیز فتاوٰی رضویہ جلد 24 صفحہ 311 تا صفحہ 331 تک اور "دارالافتاء اہلسنّت" سے ضرور تاً رہنمائی بھی لیتی رہیں۔

﴿7﴾ نیو سوسائیٹیز میں دینی کام بڑھانے کے لیے کچھ جدا اقدامات کیے جائیں گے تاکہ وہاں موجود اسلامی بہنوں کو اللہ پاک اور اس کے رسول صلَّی اللہ علیہ واٰلہ وسلَّم کی اطاعت کی طرف لایا جاسکے اس لیے وہاں کی ضرورت کے مطابق دینی کام کیے جائیں۔

﴿8﴾ شعبہ نیو سوسائٹیز کی اسلامی بہنیں شرعی تقاضوں کے ساتھ ساتھ حکمت کے تقاضے بھی پورے کریں جیسا کہ نیو سوسائٹی میں عوام کے ذہن کے مطابق رائج و معروف کام کیے جائیں، دعوتِ اسلامی میں اہلسنّت وجماعت کے شعائر کے ساتھ جو امتیازی کام ہیں وہ نہ کیے جائیں مثال کے طور پر بیان / کلام / دعا میں مرشد مرشد کرنا (کہ یہ عوام کو سمجھ نہیں آتا) عقائد پر کلام یا تنظیم کا نام لینا وغیرہ یا کسی طرح مدنی برقع کا استعمال کرنے میں آزمائش لگے تو وہ بھی نہ کریں۔

﴿9﴾ نیو سوسائٹیز میں ہر شعبہ شروع کرنے کے بجائے بتدریج ضرورت کے مطابق شعبہ جات شروع کیے جائیں۔

﴿10﴾ نیو سوسائیٹیز میں آن لائن روحانی علاج کی عند الضرورت ترغیب دلائی جائے نیز ضرورتاً نیو سوسائیٹیز کی اسلامی بہنیں جن مقامات پر اسلامی بہنوں کے روحانی علاج کے بستے لگتے ہیں وہاں جاکر بھی اورادِ عطاریہ حاصل کرنے کی نوعیت کے مطابق ترغیب دلائیں۔

﴿11﴾ نیو سوسائیٹیز میں دینی کام کا طریقہ "**نیو سوسائیٹیز میں دینی کام کا طریقۂ کار**" کے مطابق کیا جائے۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿12﴾ نیو سوسائٹیز میں شارٹ کورسز (بالمشافہ اور آن لائن) کروائے جاسکتے ہیں، نیو سوسائٹیز سے وابستہ اسلامی بہنوں کو شعبہ شارٹ کورسز کے تحت آنے والے شارٹ کورسز کا تعارف" **شعبہ شارٹ کورسز(اسلامی بہنیں) کے تحت ہونے والے شارٹ کورسز/سیشنز کا سالانہ شیڈول 2023**، نیز دارالسنّہ (اسلامی بہنیں) میں ہونے والے رہائشی کورسز کا تعارف "**دارالسنّہ میں ہونے والے کورسز کی تاریخیں 2023**" کی مدد سے کروائیں اور کورس کرنے کی ترغیب دلائی جائے۔

(یہ پیپرز ریکارڈ فائل میں موجود ہیں)

﴿13﴾ موبائل اپلیکیشن پر دعوت اسلامی کی Apps کے بارے میں معلومات دی جائیں، مدنی قاعدہ، دارالافتاء اہلسُنّت، ذہنی آزمائش، حج و عمرہ، تفسیر صراط الجنان اور prayer time کے بارے میں معلومات دی جائیں۔

☆ اس شعبے سے وابستہ شخصیات یا اسلامی بہنیں اگر شرعی مسائل کے بارے میں معلوم کریں تو "**دارالافتاء اہلسنّت (دعوتِ اسلامی) ایڈریس و اوقاتِ کار**" کی مدد سے رابطہ نمبرز دے دیئے جائیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴾14﴿ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کی جانب سے ہفتہ وار رسالہ مطالعہ کرنے کے لئے ہفتہ وار رسائل منسلک اسلامی بہنوں میں واٹس اپ پر send کئے جائیں نیز اس کی کارکردگی بھی جمع کروائی جائے۔

﴾15﴿ نیو سوسائٹیز سے وابستہ اسلامی بہنوں کو دعوتِ اسلامی کے دینی کاموں اور اس کے شعبہ جات مثلاً المدینۃُ العلمیہ، دارالافتاء اہلسنت، مدرسۃ المدینہ (گرلز)، جامعۃ المدینہ (گرلز)، دارالمدینہ مدرسۃ المدینہ (بالغات)، فیضان آن لائن اکیڈمی، مدنی چینل وغیرہ کا تعارف کروائیں۔

☆ نیو سوسائٹیز سے وابستہ اسلامی بہنوں کے بچوں / بچیوں کو با عمل عالم / عالِمہ اور حافِظ / حافِظہ بنانے کے لیے مدرسۃ المدینہ، فیضانِ آن لائن اکیڈمی، دار المدینہ اور جامعۃ المدینہ میں داخلے دلوائیں۔

﴾16﴿ انہیں دعوتِ اسلامی کے جامعات المدینہ (گرلز)، مدرسۃ المدینہ (گرلز)، دارالمدینہ اور فیضان آن لائن اکیڈمی میں visit کی دعوت بھی دیں۔

﴾17﴿ نیو سوسائٹیز میں نئی آنے والیوں اور ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے والیوں سے ملاقات و انفرادی کوشش نیز ان میں تقسیمِ رسائل (رسائل، کتب، میموری کارڈز) وغیرہ بھی کیجیے ان کے مکمل کوائف مثلاً: نام، پوسٹل ایڈریس، فون نمبر اور آبائی شہر کی معلومات وغیرہ حاصل کریں، ان سے مسلسل رابطہ رکھیں اور اپنی نیو سوسائٹیز ذمہ دار (یوسی / سیکٹر سطح) کی مدد سے ان کی متعلقہ نیو سوسائٹیز ذمہ دار (یوسی / سیکٹر سطح) کو پیش کریں۔

﴾18﴿ **ماہانہ اہداف**:

☆ شعبہ نیو سوسائٹیز کی ہر سطح کی ذمہ داران دینی کاموں کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش فرمائیں۔

☆ ماہانہ کارکردگی فارم میں موجود ہر ہر دینی کام کا ہدف دینے کے بجائے جس دینی کام میں کمی ہو صرف اُسی کا ہدف دیا جائے اور جس دینی کام کا ہدف دیا جائے اس کی پوچھ گچھ ضرور کی جائے۔

☆ نیو سوسائٹیز میں شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں کی جانب سے جب بھی محارم کو مختلف کورسز وغیرہ کے اہداف ملیں مثلاً اصلاحِ اعمال، مدنی قافلہ کورس، دینی کام کورس وغیرہ تو نیو سوسائٹی کی ذمہ داران و منسلک اہلِ محبت کو ذہن دیا جائے کہ وہ ان دینی کاموں کے لیے محارم پر انفرادی کوشش کریں۔

☆ سوسائٹی ذمہ دار محارم کی فہرست بنا کر نیو سوسائٹی ذمہ دار (شہر / سٹی سطح) کے ذریعے شعبہ معاونت برائے اسلامی بہنیں سوسائٹی ذمہ (گھر / سٹی سطح) کو دیں تا کہ ان کو دینی کاموں میں شرکت کروائی جاسکے۔

☆ حدیثِ پاک میں ہے "تَهَادَوْا تَحَابُّوْا" یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطاامام مالک، ج۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۷۳۱) پر عمل کی نیت سے ذاتی طور پر حسبِ اِستِطاعت اور اہلِ ثروت اسلامی بہنوں کی مدد سے مکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل اور میموری کارڈ وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔

☆ کتب و رسائل پیش کرتے وقت یہ کہنے کے بجائے کہ "یہ میری طرف سے ہے" درست نہیں بلکہ یہ کہا جائے کہ "یہ تحفۃً ہے قبول فرمالیجئے" انسب ہے۔

☆ عند الضرورت اجتماعی دینی کاموں میں خیر خواہی کی جائے۔

﴾19﴿ **ماہانہ مدنی مشورے**:

☆ نیو سوسائٹیز سے وابستہ اسلامی بہنیں شیڈول کے مطابق اپنے متعلقہ ہونے والے مدنی مشورے میں پابندی وقت کے ساتھ شرکت فرمائیں۔

## مدنی مشوروں کا شیڈول

| نمبر شمار | سطح | مشورہ کون لے گا؟ | طے شدہ مشوروں کی میعاد | طے شدہ مشوروں کی نوعیت | شرکاء کون ہوں گے؟ |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | یوسی / سیکٹر | سوسائٹی ذمہ دار (یوسی / سیکٹر سطح) | ماہ میں 1 بار | الگ الگ ایک سوسائٹی میں نیو سوسائٹیز ذمہ داران کا مدنی مشورہ | نیو سوسائٹیز ذمہ داران |
| 2 | شہر | نیو سوسائٹی ذمہ دار (شہر سطح) | ماہ میں 1 بار | الگ الگ یوسی / سیکٹر میں نیو سوسائٹی ذمہ داران (یوسی / سیکٹر سطح) | نیو سوسائٹی ذمہ داران (یوسی / سیکٹر سطح) |
| 3 | ڈویژن | نیو سوسائٹی ذمہ | ماہ میں 1 بار | الگ الگ ایک شہر میں | نیو سوسائٹی ذمہ |

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | دار (ڈویژن سطح) | | نیو سوسائٹی ذمہ دار (شہر سطح) | داران (شہر سطح) |
| | | | ہر 4 ماہ بعد (جنوری، مئی، ستمبر) | الگ الگ جن شہروں میں شرعی سفر بنتا ہو وہاں نیو سوسائٹی ذمہ دار (شہر سطح) | نیو سوسائٹی ذمہ داران (شہر سطح) متعلقہ شہر کی یو سی / سیکٹر سطح |

☆ میٹروپولیٹن، شہر ذمہ دار متعلقہ شہر نگران اور تحصیل پر مشتمل شہر ذمہ دار، تحصیل نگران، ڈویژن ذمہ دار ڈویژن نگران کے مدنی مشوروں میں شرکت فرمائیں۔

☆ نیو سوسائٹیز میں دینی کام بڑھانے کے لیے صاحبزادیٔ عطار سَلَّمَہَا الْغَفَّار، نگران عالمی مجلسِ مشاورت اور متعلقہ (تنظیمی) ڈویژن نگران، صوبہ / سٹی نگران، ملک نگران اور نگران عالمی مجلس مشاورت سے بھی وقت لیا جائے۔

☆ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے ذمہ دار اسلامی بہن سے اجازت ضروری ہے۔

**﴿20﴾ شیڈول:**

☆ ہر سطح کی **نیو سوسائٹیز** ذمّہ داران ہر انگریزی ماہ کی 2 تاریخ تک **"کارکردگی شیڈول"** پر فرما کر بالترتیب اپنی ذمہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں۔

﴿21﴾ **" ماہانہ نیو سوسائٹیز کارکردگی فارم** "(نیو سوسائٹی تا ڈویژن سطح)" مقررہ تاریخوں کے مطابق اپنی ذمہ دار کو جمع کروائیں۔

(کارکردگی فارمز اور تقابلی جائزہ فارم ریکارڈ فائل میں موجود ہیں) (یاد رہے! کارکردگی مدنی مشورے سے مشروط نہیں اگر کسی وجہ سے مدنی مشورہ نہ ہو سکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنی ذمہ دار کو کارکردگی پیش کر دیں)

﴿22﴾ **نیو سوسائٹیز** کا کام بہتر انداز میں کرنے کے لئے شیخِ طریقت، امیر اہلسنت دامت برکاتہم العالیہ کے مدنی مذاکرے سے استفادہ حاصل کر سکتی ہیں نیز اپنے شعبے کے مدنی پھولوں کا بھی مطالعہ کرتی رہیں۔ اور ہر ماہ **"شعبہ نیو سوسائٹیز ذمہ دار کی ذمہ داریاں (جاب ڈسکرپشن) (نیو سوسائٹی ذمہ دار تا ڈویژن سطح)** " کا مطالعہ بھی کریں اور نئی مقرر ہونے والی ذمہ دار (نیو سوسائٹی تا ڈویژن سطح) کو یہ جاب ڈسکرپشن سمجھا کر دیں۔

(یہ پیپر ریکارڈ فائل میں موجود ہے)

﴿23﴾ ہماری ذمہ داری کے حوالے سے جو بھی مدنی پھول ہمیں ملتے ہیں وہ ہمیں حفظ ہونے چاہئے تب ہی ہمارے دینی کام ترقی کر سکیں گے ، مدنی پھول سمجھا کر آگے بڑھائے جائیں، مدنی پھولوں میں دیئے گئے دینی کاموں کی پوچھ گچھ ہو یوں دینی کام کرتے کرتے دینی کام ذہن نشین ہوتے جائیں گے"۔(14 اپریل 2016 شوریٰ کا مدنی مشورہ)

☆ ہر سطح کی ذمہ دار اپنی ماتحت کو مدنی پھول سمجھائے تو اُس سے نچلی سطح کی ذمہ دار سے رابطہ کر کے حکمتِ عملی کے ساتھ احسن انداز میں کراس چیک ضرور کر لے کہ اس کے مطابق نفاذ ہو رہا ہے؟ کمی ہونے / عمل نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ ذمہ دار کی احسن طریقے سے تفہیم کر دی جائے۔

**﴿24﴾ نیو سوسائٹیز ذمہ داران (نیو سوسائٹی تا ڈویژن سطح) ذِمَّہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کیلئے درج ذیل اُمُور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:**

☆ فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتی رہیئے۔ فرض علوم سیکھنے کے لئے کتب امیر اہلسنت، بہار شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعے کی عادت بنایئے۔ خصوصاً مفتی سید محمد نعیم الدین مراد آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی اسلامی عقائد سے متعلق کتاب بنام کتاب العقائد (مکتبۃ المدینہ)، بہار شریعت کا پہلا حصہ، کفریہ کلمات کے بارے میں سوال جواب، مسائل سیکھنے کیلئے بہار شریعت کے منتخب ابواب اور حصوں کے ساتھ ساتھ امیر اہلسنت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کی تمام کتب و رسائل، اچھے بُرے اخلاق کی معلومات حاصل کرنے کے لئے باطنی بیماریوں کی معلومات، اچھے اخلاق حاصِل کرنے کے طریقہ پر مبنی منجیات کی کتابیں (مکتبۃ المدینہ) کا مطالعہ کیجئے۔ مُطالَعَہ کرنے کے لئے کچھ وقت (مثلاً صبح 19 منٹ) امیر اہلسنت دامت بَرَکاتُہمُ العالیہ کی کتب و رسائل کیلئے اور اسی طرح دیگر کتب کیلئے بھی کچھ وَقْت (مثلاً بعد مَغْرِب و قبلِ طعام 19 منٹ) خاص کیجیے۔

☆ شرعی پردے کی پابندی کریں اور دیدہ زیب بُرقَع پہننے سے اِجْتِناب کریں۔ (مدنی برقع شرعی پردے کے حصول کا بہترین

ذریعہ ہے)

☆ عملی طور پر دینی کاموں میں شریک ہوں۔ روزانہ کم از کم 2 گھنٹے دینی کاموں میں صرف کریں، پابندیِ وقت کے ساتھ اول تا آخر ہفتہ وار اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

☆ اپنی اِصلَاح کی کوشش کے لئے نیک اعمال پر عَمَل کے ساتھ ساتھ روزانہ جائزہ لیتے ہوئے ہر ماہ نیک اعمال کا رسالہ اپنی ذِمّہ دار اسلامی بہن کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لئے اپنے محارم کو عمر بھر میں یکمشت 12 ماہ، ہر 12 ماہ میں ایک ماہ اور ہر ماہ میں کم از کم 3 دن شیڈول کے مطابق مدنی قافلے میں سفر کی ترغیب دلاتی رہیں۔

☆ بلاناغہ نیک اعمال کا جائزہ لیتے ہوئے عطار کی اجمیری، بغدادی، مکی اور مدنی بیٹی بننے کی سعی جاری رکھئے۔ نیز مُستَقِل قفلِ مدینہ تحریک میں شمولیت اِختیار کرتے ہوئے ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ اشارے میں اور کچھ لکھ کر کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ نگاہیں جھکا کر رکھئے۔

☆ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے نکات کا خود بھی مُطالعَہ کریں اور متعلقہ تمام ذِمّہ داران تک بروَقت پہنچائیں۔

☆ دینی کام استقامت کے ساتھ کرنے کیلئے بِالخُصُوص نیک عمل نمبر 21 اور 24 کی عامِلہ بن جائیں۔

**نیک عمل نمبر 21:** کیا آج آپ نے مَرکزی مجلسِ شوریٰ کے اُصولوں کے مطابق اپنی نگران کی اِطاعت کی؟ (فرمانِ امیرِ اہلسنت: شریعت کی اجازت ہونے کی صورت میں شوریٰ کی اطاعت میری اطاعت، شوریٰ کی نافرمانی میری نافرمانی ہے۔)

**نیک عمل نمبر 24:** کسی ذِمّے دار (یا عام اِسلامی بہن سے) بُرائی صادِر ہو جائے اور اِصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مِل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کیساتھ) سمجھانے کی کوشِش فرمائی، یا مَعَاذَ اللہ بِلا اِجازتِ شرعی کسی اور پر اِظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھیں؟ ہاں! خود سمجھانے کی جرأت نہ ہو، یا ناکامی کی صُورَت میں تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق مسئلہ حل کرنے میں مضائقہ نہیں۔ (جبکہ اُس کی بُرائی دعوتِ اِسلامی کے لئے نقصان دہ ہو)

☆ مدنی مذاکرے کا سلسلہ 1361 میں امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ نے اسلامی بہنوں کے لئے اس تحریک میں شامل ہونے کا ذہن دیا۔ "نمازی بڑھاؤ تحریک جاری رہے گی"، اِنْ شَآءَ اللہُ الْکَرِیْم۔

☆ نمازی بڑھاؤ تحریک میں یہ احتیاط پیشِ نظر رہے کہ کسی سے سُوال نہیں کر سکتے کہ آپ نماز پڑھتی ہیں یا نہیں؟ یا آپ کی کتنی نمازیں قضاء ہیں؟ کیونکہ یہ اظہار نہیں کر سکتے کہ نماز نہیں پڑھتی یا اتنی نمازیں قضاء ہیں۔ یاد رہے کہ "گناہ کا اظہار بھی گناہ ہے" خود بھی اس تحریک میں شمولیت اختیار کریں اور دوسری اسلامی بہنوں کو بھی اس تحریک میں شامل ہونے کا ذہن دیں۔

## ﴿25﴾ پوچھ گچھ

فرمان امیر اہلسنت دامت برکاتھم العالیہ "پوچھ گچھ دینی کاموں کی جان ہے"۔ (مدنی کاموں کی تقسیم کے تقاضے)

☆ **نیو سوسائٹیز** ذمہ داران (سوسائٹی تاڈویژن سطح) "**مدنی پھول برائے نیو سوسائٹیز**" میں موجود دینی کام اپنے پاس ڈائری میں بطور یادداشت تحریری فرمالیں یا ہائی لائٹ کرلیں تاکہ بروقت ہر **مدنی پھول** پر عمل ہوسکے۔

☆ **نیو سوسائٹیز** ذمہ داران (سوسائٹی تاڈویژن سطح) ماہانہ مدنی مشورے میں بھی پوچھ گچھ، Follow up فرمائیں کہ ان **مدنی پھولوں** پر کہاں تک عمل ہوا؟

☆ کمزوری ہونے پر متعلقہ ذمہ داران کی تفہیم اور آئندہ کے لیے لائحہ عمل تیار کریں۔

☆ **نیو سوسائٹیز** ذمہ داران (سوسائٹی تا ڈویژن سطح) "**مدنی پھول برائے نیو سوسائٹیز**" مع تمام ریکارڈ پیپرز Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ **نیو سوسائٹیز** ذمہ داران (سوسائٹی ڈویژن سطح) اپنی ماتحت ذمہ داران کے پُر شدہ "**شیڈول**" پُر شدہ "**کارکردگی فارمز**" Display file میں ترتیب وار رکھ کر محفوظ فرمالیں۔

☆ **مدنی پھول برائے نیو سوسائٹیز**" سے متعلق اگر کوئی مشورہ ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

☆ "**مدنی پھول برائے نیو سوسائٹیز**" سے متعلق اگر کوئی مسئلہ درپیش ہو تو تنظیمی طریقۂ کار کے مطابق اپنی ذمہ دار اسلامی بہن تک پہنچائیں۔

**عالمی مجلسِ مشاورت (دعوتِ اسلامی)**

یہ مدنی پھول شرعی و تنظیمی تفتیش کے بعد اوکے ہیں